شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

31 جنوری 2023ء

پریس ریلیز

مسجد میں نمازیوں پر خود کش حملہ بد ترین درندگی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مسجد میں نمازیوں پر خود کش حملہ بد ترین درندگی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے پشاور میں مسجد پر خود کش حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصہ تک امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی بنے رہنے کی وجہ سے پاکستان کو تقریباً دو دہائیوں تک بد ترین دہشت گردی کا سامنا رہا اور بڑی تگ و دو اور قربانیوں کے بعد دہشتگردی کے عفریت پر قابو پایا گیا تھا۔ فخریہ انداز میں کہا گیا تھا کہ پاکستان کی فوج دنیا کی واحد فوج ہے جس نے دہشت گردوں کو ناکوں چنے چبوائے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس فتنہ نے دوبارہ کیوں سر اُٹھالیا ہے۔ مساجد، عوام الناس اور سیکورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے در حقیقت صرف پاکستان ہی نہیں، انسانیت کے دشمن ہیں۔ دہشت گردی کی اس نئی انتہائی خطرناک لہر میں ملوث مجرم اور اُن کے بیرونی سہولت کار اور پشتی بان در حقیقت پاکستان کے امن وامان کو تاراج کرنے کے منصوبہ پر عمل کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ سیکورٹی کے حوالے سے اتنی بڑی غفلت کیسے ہوگئی کہ بارود سے لیس خود کش حملہ آور سینکڑوں نمازیوں کے اجتماع میں بلا روک ٹوک داخل ہو گیا۔ حکومت پاکستان فوری طور پر دہشت گردی کی اس وحشیانہ واردات میں ملوث تمام اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں بھی امریکہ اور بھارت کی پشت پناہی سے دہشت گرد گروہ پاکستان کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔ آخر میں اُنہوں نے شہداء کی بخشش اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 31 January 2023

"The suicide attack on worshippers in a mosque in Peshawar is an inhumane act."

Lahore (PR): "The suicide attack on worshippers in a mosque in Peshawar is an inhumane act."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while condemning the suicide attack in a mosque in Peshawar. The Ameer noted that almost two decades of terrorism of the worst kind that had engulfed the country following the decision by Pakistan to become a front-line ally of USA post 9-11 had been overcome after tremendous effort and great sacrifice. It was said with pride that our armed forces were the only army in the world that had conquered the terrorists. Yet the question remains that why has the evil of terrorism started again. Those who are targeting mosques, civilians and the law enforcement agencies are, in fact, the enemies of the entire humanity, not just Pakistan. The criminals, and their foreign sponsors, behind this treacherous new wave of terrorism are, in truth, executing the plan to ruin the peace, stability and security of Pakistan. The Ameer questioned that how come the suicide bomber was able to fool the security by entering unchecked into the mosque where hundreds of Muslims were offering prayers. He said that it is the responsibility of the government to bring to justice all domestic and foreign sponsors of the suicide bomber. We must not forget that terrorist organizations connected to USA and India had caused significant damage to Pakistan in the past. The Ameer concluded by supplicating that may Allah (SWT) grant the deceased lofty ranks in paradise and swift recovery to those injured. Ameen!

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan